۸ الصبی مبتدا اشرب فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل ھذا اسم اشارہ الماء مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۹ ضربت فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم ت ضمیر متصل بارز فاعل ھذین اسم اشارہ الولدین مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۰ اتعلم فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں انا ضمیر پوشیدہ

فاعل اللغۃ موصوف العربیۃ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر
مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۱ اعرف فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں انا کی ضمیر پوشیدہ
فاعل اخا مضاف بکرٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول
بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۲ علم فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زیدٌ فاعل ھذا
اسم اشارہ اللسان مشارٌ الیہ، اسم اشارہ اپنے مشارٌ الیہ سے مل کر مفعول
بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۳ یقرءُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب ابو مضاف خالدٍ
مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل ابا مضاف زیدٍ
مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور
مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۴ ضرب فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب عمر مضاف بکرٍ مضاف
الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل، اخا مضاف عمرو مضاف
الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول
بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۵ اخو مضاف زیدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر
مبتدا لیشرب فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی
ضمیر پوشیدہ فاعل الماءَ موصوف البارد صفت، موصوف اپنی صفت
سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر

مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۶ یکرہ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب ذو مضاف
المال مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل فاعل، بکرًا مفعول
بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مفعول بہ بضمیر

		ترجمہ
زیدٌ ضربہٗ	۱	زید نے اس کو مارا
ضربَ زیدٌ ایاہُ	۲	زید نے مارا اس کو
قتلتُھما	۳	میں نے ان دو کو مار ڈالا
نصرتھنَّ	۴	تو نے ان کی (مونثوں) کی مدد کی
ننصرھُم	۵	ہم ان لوگوں کی مدد کریں گے
اشربُھا	۶	میں اس کو پیتا ہوں
خالدٌ اکرمنا	۷	خالد نے ہماری تعظیم کی
اخو زیدٍ اقرءنی	۸	زید کے بھائی نے مجھے پڑھایا
اللہُ خلقکُم	۹	اللہ نے تم لوگوں کو پیدا فرمایا
یکرمُ زیدٌ ایایَ	۱۰	زید تعظیم کرتا ہے میری
طلبکَ خالدٌ	۱۱	خالد نے تم کو بلایا
زیدٌ اخرجکنَّ	۱۲	زید نے تم کی (مونثوں) کو نکالا
طلبَ زیدٌ ایایَ	۱۳	زید نے بلایا مجھ کو
اکرمتُکما	۱۴	میں نے تم دو کی تعظیم کی

هدحتك	ع۳	میں نے تمہاری تعریف کی
عَلَّمَ بكرٌ اِيَّاكَ	ع۲	بکر نے تعلیم دی تم کو
عَلَّمَكَ بكرٌ	ع۹	بکر نے تم کو تعلیم دی،
اَرْسَلَ النّاسُ اِيَّاهُمْ	ع۲	لوگوں نے بھیجا ان سب کو
غَسَلْتُ لوحي زَيْدٍ	ع۸	میں نے زید کی دو تختیاں دھوئیں
لَوْحَا زَيْدٍ مَغْسُوْلَانِ	ع۱۱	زید کی دونوں تختیاں دُھلی ہوئی ہیں
نصرتُ مسلمي بمبئي	ع۱۰	میں نے بمبئی کے مسلمانوں کی مدد کی
ذالك الولد قرأ سورتيْ القرآن	ع۱۲	اس لڑکے نے قرآن کی دو سورتیں پڑھیں

ترکیب

ع۱ زیدٌ مبتدا ضرب فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۲ ضرب فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زیدٌ فاعل ایاہ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۳ قتلتھما میں قتلتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل اور ھما ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۴ نصرتھن میں نصرتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز متصل فاعل ھن ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور

مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۵ ننصرھم میں ننصرُ فعل مضارع معروف صیغہ جمع متکلم اسمیں نحن کی ضمیر پوشیدہ فاعل ھم ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۶ اشرب بھا اسمیں اشربُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل اور ھا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۷ اخو مضاف زیدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا اقرأنی میں اقرأ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل ن وقایہ کی ی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۸ یکرم فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب زیدٌ فاعل ایای ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۹ طلبك میں طلب فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب كَ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ خالدٌ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۰ غسلتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز متصل فاعل لوحی مضاف، زیدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۱ لوحا مضاف زیدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا مغسولان اسم مفعول صیغہ تثنیہ مذکر اسمیں ھما کی ضمیر پوشیدہ

نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۲ ذالک اسم اشارہ الولد مشارٌ الیہ، اسم اشارہ اپنے مشارٌ الیہ سے مل کر مبتدا قرأ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل سورۃ مضاف القرآن مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مفعول فیہ

ترجمہ

زَیدٌ یَسکُنُ القَریَۃَ	ع۱	زید گاؤں میں رہتا ہے
ضَرَبتَ الیَوم	ع۲	تو نے آج مارا
الرَّجُلُ یَذھَبُ غَدًا	ع۱	مرد کل جائے گا
قَرَأتُ اَمسِ	ع۳	میں نے کل پڑھا
اَکَلَ النَّاسُ قَبلَ الکِتَابَۃِ	ع۴	لوگوں نے لکھنے سے پہلے کھایا
دَفَنتُ المَالَ تَحتَ الاَرضِ	ع۵	میں نے زمین کے نیچے مال دفن کیا
جَلَستُ فَوقَ السَّیَّارَۃِ	ع۶	میں موٹر کے اوپر بیٹھا
قَتَلَ زَیدٌ خَلفَ الدَّارِ	ع۷	زید نے گھر کے پیچھے قتل کیا
لَا تَقعُد بَعدَ الذِّکرٰی	ع۸	یاد آنے کے بعد مت بیٹھ
وَقَفَ الرَّجُلُ قُدَّامَ السَّیَّارَۃِ	ع۹	مرد موٹر کے آگے کھڑا ہو
لَا تَکتُب بَعدَ العَصرِ	ع۷	عصر کے بعد نہ لکھو

زَیدٌ قَرَأَ القُرآنَ عِندَ خَالِدٍ	ع۸	زید نے خالد کے پاس قرآن پڑھا
بُسِطَ الحَصِیرُ اَمَامَ زَیدٍ	ع۹	چٹائی زید کے آگے بچھائی گئی
ذَھَبَ عَمرٌو بَعدَ العِشَاءِ	ع۷	عمرو عشاء کے بعد گیا
اَبُوکَ اَکَلَ الطَّعَامَ ھٰھُنَا	ع۱۰	تیرے باپ نے یہاں کھانا کھایا
اجلس ثَمَّ	ع۱۱	تم وہاں بیٹھو
اَینَ قَلَمُکَ	ع۱۲	تیرا قلم کہاں ہے؟

ترکیب

ع۱ زیدٌ مبتدا یسکن فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل القریۃ مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۲ ضربتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں تَ ضمیر بارز متصل فاعل الیوم مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۳ قرأتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز متصل فاعل امسِ مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۴ اکل فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی الناس فاعل قبل مضاف الکتابۃ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۵ دفنتُ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد متکلم اسمیں تُ ضمیر بارز متصل فاعل المال مفعول بہ تحت مضاف الارض مضاف الیہ، مضاف اپنے

مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۶۔ جلستُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز متصل فاعل فوقَ مضاف السیّارۃِ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۷۔ لا تقعد فعل نہی صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل لعبل مضاف ذکرونی مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۸۔ زیدٌ مبتدا قرأ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل القرآن مفعول بہ عند مضاف خالدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۹۔ لبسط فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب الحصیرُ نائب فاعل امامَ مضاف زیدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۰۔ ابو مضاف کَ ضمیر خطاب مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا اکل فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل الطعام مفعول بہ ھٰھنا مفعول فیہ فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

۱۱۔ اجلس فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل

ثم مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۱۲۔ اینَ اسم استفہام مبتدا قلمُكَ میں قلم مضاف کَ ضمیر خطاب مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا

مفعول مطلق و مفعول لہٗ

		(ترجمہ)
اَرْسَلَ اللّٰهُ الْاَنْبِيَاءَ هِدَايَةً	۱	اللہ نے انبیاء کو ہدایت دینے کیلئے بھیجا
لَا تَقْتُلْ غَضَبًا	۲	غصہ کیوجہ سے مت قتل کرو
سَلِّمُوا تَسْلِيمًا	۳	خوب سلام پڑھو
جلستُ جلسةَ العالم	۴	میں عالم کے بیٹھنے کی طرح بیٹھا
ضرب زيدٌ ضربةً	۵	زید نے ایک بار مارا
فعلوا جهالةً	۶	انھوں نے نادانی کی وجہ سے کیا
سئل زيدٌ ايای القرطاس	۷	زید نے مجھ سے کاغذ مانگا
قرأ خالدٌ كتابَ الله	۸	خالد نے اللہ کی کتاب پڑھی
ضربني اخو بكرٍ تاديبًا	۹	بکر کے بھائی نے مجھکو ادب کیلئے مارا
من اقرأ ولدكَ	۱۰	کس نے تیرے لڑکے کو پڑھایا
ابوكَ خالي	۱۱	تیرا باپ میرا ماموں ہے
الخالُ اخو الاُمّ	۱۲	ماموں ماں کا بھائی ہے

ترکیب

۱۔ ارسل فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اللّٰہ کلمۂ جلالت فاعل

الانبیاءَ مفعول بہٖ ھدایۃً مفعول لہٗ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہٖ اور مفعول لہٗ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۲ لا تقتل فعل نہی صیغہ واحد مذکر حاضر انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل غضباً مفعول لہٗ، فعل اپنے فاعل اور مفعول لہٗ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۳ سلموا فعل امر صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل، تسلیماً مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۴ جلستُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں تُ ضمیر بارز فاعل جلسۃَ مصدر مضاف العالم مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۵ ضرب فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی زیدٌ فاعل ضربۃً مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۶ فعلوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اسمیں واؤ ضمیر بارز فاعل جہالۃً مفعول لہٗ، فعل اپنے فاعل اور مفعول لہٗ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۷ لسئل فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی زیدٌ فاعل ایای مفعول بہٖ اول القرطاس مفعول بہٖ دوم، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۸ قرأ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی خالدٌ فاعل کتاب مضاف (اللہ) کلمۂ جلالت مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہٖ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۹ ضربنی میں ضرب فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نِ وقایہ کی

ی مفعول بہٖ اخو مضاف بکرٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل، تادیباً مفعول لہٗ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ اور مفعول لہٗ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۰ مَن اسم استفہام مبتدا اقرء فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل ولد مضاف کَ ضمیر خطاب مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہٖ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

ع۱۱ البوک میں ابو مضاف کَ ضمیر خطاب مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا خالی میں خال مضاف یای متکلم مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۲ الخال مبتدا اخو مضاف الام مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(مفعول بات کا استفہام)

		ترجمہ
مَنْ ضَرَبْتَ ؟	ع۱	تو نے کس کو مارا
مَا سَأَلْتَ ؟	م۱	تو نے کیا مانگا
مَتٰی ذَهَبَ زَيْدٌ	ع۲	زید کب گیا
كَيْفَ نَسْمَعُ	ع۳	ہم کیسے سنیں گے
أَيْنَ يَسْكُنُ خَالُ زَيْدٍ	ع۴	زید کا ماموں کہاں رہتا ہے
هُوَ يَسْكُنُ الْبَلْدَةَ	ع۵	وہ شہر میں رہتا ہے

عربی	نمبر	اردو
كَمْ اَخَذْتَ	۱	تو نے کتنا لیا
اَخَذْتُ نِصْفَ الرُّوْبِيَّةِ	۲	میں نے آدھا روپیہ لیا
كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ	۳	تیرے رب نے کیسا کیا
مَتٰى تَقْرَءُ الصَّبِيَّةَ	۴	بچی کب پڑھتی ہے
مَا اَكْتُبُ	۵	میں کیا لکھوں
اُكْتُبْ دَرْسَكَ	۶	تو اپنا سبق لکھ
مَا اسْمُكَ	۷	تمہارا نام کیا ہے
اِسْمِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْقَادِرِيُّ	۸	میرا نام عبدالرحمٰن قادری ہے
اِسْمُ عَمِّ خَالِدٍ اَبُوْ بَكْرٍ	۹	خالد کے چچا کا نام ابوبکر ہے
هَلْ رَءَيْتَ اَبَا بَكْرٍ ؟	۱۰	کیا تو نے ابوبکر کو دیکھا
مَا رَءَيْتُهُ	۱۱	میں نے اس کو نہیں دیکھا

ترکیب

۱ مَنْ اسم استفہام مفعول بہ مقدم ضَرَبْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں تَ ضمیر بارز متصل مرفوع فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۲ مَتٰى اسم استفہام مفعول فیہ مقدم ذَهَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَيْدٌ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۳ كَيْفَ اسم استفہام مفعول فیہ مقدم نَسْمَعُ فعل مضارع معروف صیغہ جمع متکلم اس میں نَحْنُ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ

فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۴ اَيْنَ اسم استفہام مفعول فیہ مقدم يَسْكُنُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب خَالُ مضاف زَيْدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۵ هُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا يَسْكُنُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اَلْبَلْدَةَ مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۶ اَخَذْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل، نِصْفَ مضاف اَلرُّوْبِيَّةِ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۷ كَيْفَ اسم استفہام مفعول فیہ مقدم فَعَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی رَبُّكَ میں رَبُّ مضاف كَ ضمیر خطاب مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۸ مَتٰى اسم استفہام مفعول فیہ مقدم تَقْرَءُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اَلصَّبِيَّةُ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۹ مَا اسم استفہام مفعول فیہ مقدم اَكْتُبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں، اَنَا کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۱۰ اکتب فعل امر حاضر معروف اسمیں انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل دَرْسَكَ میں دَرْسَ مضاف كَ ضمیر خطاب مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۱۱ مَا اسم استفہام مبتدا اِسْمُكَ میں اسم مضاف، كَ ضمیر خطاب مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

ع۱۲ اِسْمِیْ میں اسم مضاف یای ضمیر متکلم مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا عَبْدُ الرَّحْمٰن موصوف القادری اسم منسوب اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۳ اسم مضاف عَمّ مضاف الیہ، مضاف خَالِدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر پھر مضاف الیہ ہوا اسم مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا ابوبکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۴ هَلْ حرف استفہام رَأَیْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل اَبَابَکْر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۱۵ مَا رَأَیْتُهٗ، میں مَا رَأَیْتُ فعل ماضی معروف منفی صیغہ واحد متکلم اسمیں

تُ ضمیر بارز متصل مرفوع فاعل ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(حَالْ ذُوالحَالْ)

ع۱	قَامَ زَيْدٌ ضَاحِكًا	زید ہنستا ہوا آیا
ع۲	يَقْرَأُ خَالِدٌ جَاهِرًا	خالد زور سے پڑھتا ہے
ع۳	كَتَبَ الرَّجُلَانِ جَالِسَيْنِ	دو مردوں نے بیٹھ کر لکھا
ع۴	ضَرَبَ زَيْدٌ أَخَاهُ مَشْدُوْدًا	زید نے اپنے بھائی کو باندھ کر مارا
ع۵	اَلطَّلَبَةُ ذَهَبُوْا رَاكِبِيْنَ	طلبہ سوار ہو کر گئے
ع۶	وَجَدْتُ خَالِدًا وَهُوَ يَكْتُبُ	میں نے خالد کو لکھتے ہوئے پایا
ع۷	أَرْسَلَ اللّٰهُ نَبِيَّنَا شَاهِدًا	اللہ نے ہمارے نبی کو حاضر بنا کر بھیجا
ع۸	جَلَسَ الْمُلْحِدُ سَاكِتًا	بے دین چپ ہو کر بیٹھا
ع۹	رَجَعَ السُّنِّيُّ سَالِمًا	سنی بخیریت لوٹا
ع۱۰	أَخْطُبُ بَعْدَ الْأَكْلِ	میں کھا کر تقریر کروں گا
ع۱۱	رَأَيْتُ عَمَّتِيْ حَزِيْنَةً	میں نے اپنی پھوپھی کو غمگین دیکھا
ع۱۲	جَلَسْنَا مُتَأَدِّبِيْنَ عِنْدَ أُسْتَاذِنَا	ہم اپنے استاذ کے پاس ادب سے بیٹھے
ع۱۳	قَرَأْتُ نَاظِرًا	میں نے دیکھ کر پڑھا

ترکیب

ع۱ قَامَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی زَیْدٌ

ذوالحال ضاحکاً اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۲ یقرءُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب خالدٌ ذوالحال جاھراً اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۳ کتب فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی الرجلان ذوالحال جالسین اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اسمیں ھما کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۴ ضرب فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی زیدٌ فاعل اخا مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ذوالحال، مشدوداً اسم مفعول اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۵ الطلبۃ مبتدا ذھبوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اسمیں واؤ ضمیر بارز متصل مرفوع ذوالحال، راکبین اسم فاعل اسمیں ھم کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۶ وجدتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں تُ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل خالداً ذوالحال واوٌ حالیہ ھو ضمیر مرفوع منفصل مبتدا یکتب فعل مضارع معروف اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۷ ارسل فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (اللہ) اسم جلالت فاعل نبینا میں نبی مضاف نا ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ذوالحال شاھداً اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۸ اخطبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل بعد مضاف الاکل مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۹ رئیتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم عمتی میں عمۃ مضاف یای متکلم مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ذوالحال حزینۃً صفت مشبہ اسمیں ھی کی ضمیر پوشیدہ فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۰ جلسنا فعل ماضی معروف صیغہ جمع متکلم اسمیں انا ضمیر بارز مرفوع متصل ذوالحال متادبین اسم فاعل اسمیں نحن کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل

اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل
عندل مضاف استاذ مضاف الیہ مضاف نا ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے
مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا عندل مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ
سے مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۱ قرءت فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں ت ضمیر بارز مرفوع متصل
ذوالحال، ناظرا اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل
سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل
سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(تمیز)

زَیدٌ اَکبَرُ سِنًا	ع۱	زید عمر میں بڑا ہے
اَنَا اَکثَرُ مَالًا	ع۱	میں زیادہ مال والا ہوں
ھٰذَا الرَّجُلُ اَطیَبُ نَفسًا	ع۲	یہ مرد پاکیزہ طبیعت والا ہے
السُّنِّی مُتَصَلِّبٌ اِعتِقَادًا	ع۳	سنی عقیدہ میں پختہ ہے
اَخُو بَکرٍ صَغِیرٌ سِنًا	ع۴	بکر کا بھائی عمر میں چھوٹا ہے
رَأیتُ عِشرِینَ قَلَمًا	ع۵	میں نے بیس قلم دیکھا
ھُوَ کَامِلٌ اِیمَانًا	ع۳	وہ ایمان میں کامل ہے
نَحنُ اَھلُ السنۃ عقیدَۃً	ع۶	ہم عقیدہ میں اہلسنت ہیں
زَیدٌ افضل علمًا	ع۱	زید علم میں افضل ہے
ھٰذا الولدُ اسبق قراءۃً	ع۲	یہ لڑکا پڑھنے میں آگے ہے

ترکیب

ع۱ زید مبتدا اکبر اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ
فاعل سنا تمیز نسبت، اسم تفضیل اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ
اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۲ ھذا اسم اشارہ الرجل مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے
مل کر مبتدا اطیب اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل
نفسا تمیز نسبت، اسم تفضیل اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ
ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۳ السنی مبتدا متصلب اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل اعتقادا
تمیز نسبت، اسم فاعل اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا
اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۴ اخو مضاف بکر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا
صغیر شبہ فعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل سنا تمیز نسبت، شبہ فعل
اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر
جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۵ رأیت فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں ت ضمیر بارز فاعل عشرین
ممیز قلما تمیز، ممیز اپنی تمیز سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول
بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۶ نحن ضمیر مرفوع منفصل مبتدا اھل مضاف السنۃ مضاف الیہ مضاف

اپنے مضاف الیہ سے مل کر ممیز عقیدۃ تمیز، ممیز اپنی تمیز سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(منادیٰ) ترجمہ

یَا اَللّٰهُ	ع۱	اے اللہ
اُنْصُرِ الْمُسْلِمِیْنَ	م۲	تو مسلمانوں کی مدد فرما
یَا زَیْدُ	ع۱	اے زید
لَا تَظْلِمْ اَخَاكَ	ع۳	تو اپنے بھائی پر ظلم مت کر
اَللّٰهُمَّ	ع۴	اے اللہ
اُرْزُقْنَا الْجَنَّةَ	ع۵	تو ہمیں جنت نصیب کر
یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ	ع۶	اے اللہ کے رسول
اُنْظُرْ حَالَنَا	ع۷	آپ ہمارے حال پر نظر فرمائیے
یا ربنا	ع۶	اے ہمارے رب
ثبت اقدامنا	م۵	تو ہمارے قدم کو ثابت رکھ
یا ربّ العٰلمین	م۶	اے سارے جہان کے پروردگار
اصلح المسلمین	م۲	مسلمانوں کی اصلاح کر
اشفع یا نبی اللہ	ع۸	شفاعت فرمائیے اے اللہ کے نبی
یا رجل	م۱	اے شخص
لا تقتل زیدًا	ع۹	تو زید کو نہ قتل کر
یا ربی	ع۶	اے میرے رب

تقبل دعائی	ع۷	تو میری دعا قبول فرما
یا عبد الرسول	ع۱	اے عبد الرسول
تعلم اللغة العربیة	ع۱۰	تو عربی زبان سیکھ

(ترکیب)

ع۱ یا حرف ندا قائم مقام ادعو کے ادعو فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل زیدٌ مفعول بہ منادیٰ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ منادیٰ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۲ انصر فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں انتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل المسلمین مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۳ لاتظلم فعل نہی صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل اخا مضاف کَ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۴ اللّٰھم اسم جلالت منادیٰ معرفہ مبنی بر ضمہ منصوب محلاً مفعول بہ ادعو محذوف کا، ادعو فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۵ ارزقنا میں ارزق فعل امر حاضر معروف اسمیں انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل نا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، الجنۃ مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۶ یا حرف ندا قائم مقام ادعو کے ادعو فعل مضارع معروف صیغہ واحد

ع۸ اسمیں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل رسول مضاف اسم جلالت مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۸ انظر فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر اسمیں انتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل حالنا میں حال مضاف نا ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۸ اشفع فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر اس میں انتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ (یا نبی اللہ کی ترکیب یا رسول اللہ کی طرح ع۶ پر ہے)

ع۹ لا تقتل فعل نہی صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل زیداً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۱۰ تعلم فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اللغۃ موصوف العربیۃ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

(حروف مشبہ بہ فعل) ترجمہ

اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ	ع۱	بے شک اللہ جانتا ہے
اِنَّ اللّٰہَ عَالِمُ الْغَیْبِ	ع۲	بے شک اللہ عالم الغیب ہے
اِنَّ اللّٰہَ عَلَّمَ النبی الْغیب	ع۳	بے شک اللہ نے نبی کو غیب دیا ہے
اِنَّ الْغَیْبَ معلوم النبی	ع۴	بے شک غیب نبی کو معلوم ہے
اعلم ان زیداً حنفیٌ	ع۵	تم جان لو کہ زید حنفی ہے

کَاَنَّ عمرواً عالمٌ	ع۶	عمر گویا کہ عالم ہے
انی سنیٌ	ع۷	بے شک میں سنی ہوں !
اننی اقرء القرآن	ع۸	بے شک میں قرآن پڑھتا ہوں
انا اصحابُ المال	ع۹	بے شک ہم مالدار ہیں
اننا مسلمون	ع۱۰	بیشک ہم مسلمان ہیں
لیت بکرا انبیہٌ	ع۱	کاش کہ بکر ہوشیار ہوتا
ان بکراً لم یقدم لکن صدیقہ حاضرٌ	ع۱۱	بیشک بکر نہیں آیا لیکن اس کا دوست حاضر ہے
لَعَلَّ عمرواً یَقْرَءُ	ع۱۲	شاید عمرو پڑھتا ہے
اِنَّہٗ جَالِسٌ	ع۶	بیشک وہ بیٹھا ہے
اِنَّکِ قَاعِدَۃٌ	ع۱۳	واقعی تو بیٹھی ہے
ا نَّ الْمُنٰفِقِیْنَ کَاذِبُوْنَ	ع۱	منافقین ضرور جھوٹے ہیں
اِنَّ ھٰذِہٖ بنت خَالِدٍ	ع۱۴	بیشک، یہ خالد کی بیٹی ہے
اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ	ع۱۵	میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں
سَمِعْتُ انکم تَقْتُلُتُمُ الفیل	ع۱۶	میں نے سنا ہے کہ تم لوگوں نے ہاتھی کو مار ڈالا ہے
اِنَّ اَبَا بَکْرٍ عَلِیْلٌ	ع۱	واقعی ابوبکر بیمار رہے
اِنَّ الحسنات یُذْھِبْنَ السَّیِّاٰتِ	ع۱۷	بیشک نیکیاں برائیوں کو لیجاتی ہیں

ترکیب

ع۱ اَنَّ حرف مشبہ بہ فعل زیداً اس کا اسم علیمٌ صفت مشبہ اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر،

ان حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۲ اَنَّ حرف مشبہ بفعل اسم جلالت اس کا اسم عَالِمٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل الغیب الف لام برائے تعریف غیب مضاف الیہ، اسم فاعل اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے مل کر خبر، ان حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۳ اِنَّ حرف مشبہ بفعل کلمۂ جلالت اس کا اسم عَلَّمَ فعل فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل النبی مفعول بہ اول الغیب مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۴ اِنَّ حرف مشبہ بفعل الغیب اس کا اسم معلوم اسم مفعول مضاف النبی نائب فاعل مضاف الیہ، اسم مفعول مضاف اپنے نائب فاعل مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۵ اِعلَم فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل اَنَّ حرف مشبہ بفعل موصول حرفی زیدًا اس کا اسم حنفیٌ اسم منسوب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر ان کا اسم اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔۔۔

ع۶ کاَنَّ حرف مشبہ بفعل عمرًا اس کا اسم عالمٌ اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر،

حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۷ اَنَّ حرف مشبہ بفعل یَ ضمیر متکلم اس کا اسم سُنِّیٌّ اسم منسوب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۸ اَنَّ حرف مشبہ بفعل نَ وقایہ کی یِ یائے متکلم اس کا اسم اَقرأُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ فاعل القرآن مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۹ اَنَا میں اَنَّ حرف مشبہ بفعل نَا ضمیر منصوب متصل اس کا اسم اصحاب مضاف المال مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۰ اِنّنا میں اِنَّ حرف مشبہ بفعل نَا ضمیر منصوب متصل اس کا اسم مسلمون اسم فاعل صیغہ جمع مذکر اسمیں نحن کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۱ اَنَّ حرف مشبہ بفعل بکرًا اس کا اسم لم یقدم فعل مضارع مجزوم صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لٰکنّ حرف مشبہ بفعل صدیق مضاف ہٗ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کا اسم ہوا حرف مشبہ بفعل کا حاضرٌ اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر،

حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۲ لعلّ حرف مشبہ بفعل عمرًا اس کا اسم یقرءُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۳ انّ حرف مشبہ بفعل کَ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم قاعدۃ اسم فاعل صیغہ واحد مؤنث اسمیں ھی کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۴ انّ حرف مشبہ بفعل ھٰذہ اسم اشارہ اس کا اسم بنت مضاف خالدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۵ اشھد فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل انّ حرف مشبہ بفعل موصول حرفی محمدًا اس کا اسم رسول مضاف کلمۂ جلالت مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، انّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے ملا کر تاویل مفرد ہو کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۶ سمعت فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل انّ حرف مشبہ بفعل موصول حرفی کُم ضمیر منصوب متصل اس کا اسم قتلتم فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں تم ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل الفیل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، انّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے

مل کر تاویل مفرد ہو کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۷ انّ حرف مشبہ بفعل الحسنات میں الف لام برائے تعریف حسنات اس کا اسم یذھبن فعل مضارع معروف صیغہ جمع مؤنث غائب اس میں نون مفتوح ضمیر بارز فاعل السیئات میں الف لام برائے تعریف سیئات مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(افعالِ ناقصہ)

كَانَ زَيْدٌ فَقِيْرًا	ع۱	زید فقیر تھا
صَارَ اَبُوْبَكْرٍ مَلِكًا	ع۲	ابوبکر بادشاہ ہوگیا
لَيْسَ عَمْرٌو غَنِيًّا	ع۲	عمرو مالدار نہیں ہے
صَارَ هٰذَانِ الرَّجُلَانِ عَالِمَيْنِ	ع۳	یہ دونوں مرد عالم ہوگئے
كَانَ الْعَالِمُ يَكْتُبُ	ع۴	عالم لکھتا تھا
كَانَ خَالِدٌ قَرَءَ	ع۵	خالد نے پڑھا تھا
كَانَتْ زَوْجَةُ زَيْدٍ ضَاحِكَةً	ع۶	زید کی بیوی ہنس رہی تھی
اَخُوْ زَيْدٍ كَانَ اَكَلَ	ع۷	زید کے بھائی نے کھایا تھا
لَيْسَ عَمْرٌو قَاتِلًا	ع۸	عمرو قاتل نہیں ہے
اِنَّ عَمَّةَ بَكْرٍ صَارَتْ عَجُوْزًا	ع۹	بیشک بکر کی پھوپھی بوڑھی ہوگئی
لَيْسَتْ بِنْتُ خَالِدٍ خَالَةَ زَيْدٍ	ع۱۰	خالد کی لڑکی زید کی خالہ نہیں ہے

(ترکیب)

۱۔ کان فعل ناقص زیدٌ اس کا اسم فقیرًا صفت مشبہ اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، کان فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۲۔ صار فعل ناقص ھٰذانِ اسم اشارہ الرجلان مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر اسم، عالمین اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اسمیں ھما کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۳۔ لیس فعل ناقص عمروٌ اس کا اسم غنیًا صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اسمیں ھو کی ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۴۔ کان فعل ناقص صیغہ واحد مذکر غائب العالم اس کا اسم یکتب فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل مضارع اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۵۔ کان فعل ناقص صیغہ واحد مذکر غائب خالدٌ اسم قرءَ فعل ماضی معروف اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۶۔ کانت فعل ناقص صیغہ واحد مؤنث غائب زوجۃ مضاف زیدٍ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم ضاحکۃً اسم فاعل اسمیں ھی

کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۷۔ اخو مضاف زیدٍ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا کان فعل ناقص اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ اسم اکل فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۸۔ لیس فعل ناقص عمروٌ اسم، قاتلًا اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۹۔ اِنّ حرف مشبہ بفعل عمۃ مضاف بکرٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم، صارت فعل ناقص صیغہ واحد مؤنث غائب اسمیں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا اسم عجوزًا خبر، فعل ناقص، اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۰۔ لیست فعل ناقص صیغہ واحد مؤنث غائب بنت مضاف خالدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم، خالۃ مضاف زیدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(مجرورات) ترجمہ

علہ زَیْدٌ ترجَمَ القرآن بالاُرْدُوِیَّۃِ — زید نے قرآن کا اردو میں ترجمہ کیا

عہ٢ اَلطَّلَبَۃُ یترجمون العربیۃَ باللغۃ الانجلیزیۃ — طلبہ عربی کا انگریزی زبان میں ترجمہ کرتے ہیں

عہ٣ سَلَّمَ زَیْدٌ عَلٰی خَالِدٍ — زید نے خالد کو سلام کیا

عہ٤ ذَھَبَ الزَّعِیْمُ اِلٰی لَنْدَنَ — لیڈر لندن گیا

عہ٤ اَذْھَبُ غَدًا اِلٰی بَمْبئی — میں کل بمبئی جاؤں گا

عہ٥ اَلنَّاسُ یُسَافِرُوْنَ بِالطَّیَّارَۃِ — لوگ ہوائی جہاز سے سفر کرتے ہیں

عہ٦ تَذْھَبُ الْمَرْاَۃُ اِلَی السُّوْقِ — عورت بازار جارہی ہے

عہ٧ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ — وہ سب اللہ کے دین میں داخل ہوتے ہیں

عہ٨ اِلٰی اَیْنَ ذَھَبْتَ — تم کہاں تک گئے

عہ٩ قَدِمْتُ بِالدَّرَّاجَۃِ — میں سائیکل سے آیا

عہ١٠ عَرَّبْتُ ھٰذِہِ الْجُمْلَۃَ — میں نے اس جملہ کی عربی بنائی

عہ١١ عَبَرْتُ النھر بالباخرۃ — میں نے نہر کو اسٹیمر سے پار کیا

عہ١٢ انا جَالِسٌ فِی الْمَدْرَسَۃِ — میں مدرسہ میں بیٹھا ہوں

عہ١٣ رَقَدَ اَبُوْ زَیْدٍ حتی الصَّبَاحِ — زید کا باپ صبح تک سویا

عہ١٤ اَلنَّاسُ ذَھَبُوْا مِنَ السُّوْقِ اِلَی المحطۃ — لوگ بازار سے اسٹیشن گئے

عہ١٥ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ — تمام تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے

عہ٩ آمَنْتُ بِاللّٰہِ — میں اللہ پر ایمان لایا

عہ١٦ اَلصَّلٰوۃُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ — درود نازل ہو رسول اللہ پر

عہ١٧ سَلَّمْتُ عَلٰی اَخِیْ زَیْدٍ — میں نے زید کے بھائی کو سلام کیا

عہ١٨ قَالَ اللّٰہُ جَلَّ شَانُہٗ — اللہ جل شانہ نے فرمایا

لَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَکُمْ خَشْیَۃَ اِمْلَاقٍ نَحْنُ نَرْزُقُکُمْ وَاِیَّاکُمْ — تم اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے نہ قتل کرو ہم ہی تمہیں اور انہیں روزی دیتے ہیں

ترکیب

علہ زَیْدٌ" مبتدا ترجم فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل القرآن مفعول بہ با حرف جار الف لام برائے تعریف اردویۃ مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عہ٢ الطلبۃ مبتدا یترجمون فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اسمیں واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل العربیۃ مفعول بہ ب حرف جار الف لام برائے تعریف لغۃ موصوف الف لام برائے تعریف انجلیزیہ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل، مفعول بہ او ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عہ٣ سَلَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی زَیْدٌ" فاعل عَلٰی حرف جار خالد مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

عہ٤ اذھب فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں انا کی ضمیر پوشیدہ

فاعل، غداً مفعول فیہ، اِلٰی حرف جار بمبئی مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول فیہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۵ النّاس مبتدا یسافرون فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واوٗ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل بالطّیارۃ جار مجرور ہوکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۶ تذھب فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب ضمیر سے خالی المرءۃ فاعل اِلی السوق جار مجرور ہوکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۷ یدخلون فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اسمیں واوٗ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل فی حرف جار دین مضاف علمۂ جلالت مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۸ اِلیٰ حرف جار این اسم استفہام مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو مقدم ذھبت فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں تَ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۹ قدمتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں تُ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل بالدراجۃ جار مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۰ عرفتَ فعل ماضی معروف اسمیں تَ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل ھٰذہ

اسم اشارہ الجملۃ مشارٌ الیہ، اسم اشارہ اپنے مشارٌ الیہ سے مل کر مفعول بہٖ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۱ عبرتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں تُ ضمیر بارز فاعل النھر مفعول بہ بالباخرۃ جار مجرور ہوکر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۲ انا ضمیر مرفوع منفصل مبتدا جالسٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں انا ضمیر پوشیدہ فاعل فی المدرسۃ جار مجرور ہوکر ظرف لغو، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۳ رقد فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ابو مضاف نایک مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل حتی حرف جار الصباح مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

